اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# ڈونیشن جمع کروانے سے متعلق معاون مدنی پھول

## (کتاب "چندہ کرنے کی شرعی اور تنظیمی احتیاطیں" کا مطالعہ مفید رہے گا)

**چندہ جمع کرنے کے مخصوص الفاظ:** اپنے عطیات دعوتِ اسلامی کو دیجئے، آپ کے چندے یعنی ڈونیشن کو کسی بھی جائز، دینی، فلاحی، روحانی، خیر خواہی، بھلائی اور آمدن بڑھانے کے جائز اور محفوظ کام میں لگایا جاسکتا ہے تاکہ اخراجات کو پورا کیا جاسکے۔

﴿1﴾ دعوتِ اسلامی کو عموماً دو قسم کا ڈونیشن موصول ہوتا ہے۔

(1)واجبہ (2) نافلہ

**واجبہ** میں زکوٰۃ، فطرہ کی رقم شامل ہے۔

**نافلہ** میں صدقہ، ہدیہ، خیرات، کھالیں (مثلاً قربانی، عقیقہ اور صدقہ کے جانوروں کی کھالیں) کے بدلے دی جانے والی رقم اور کھالیں بیچنے کے بعد ملنے والی رقم وغیرہ شامل ہے۔

زکوٰۃ عموماً زکوٰۃ کے طور پر ہی دی جاتی ہے لیکن بعض اسلامی بہنیں زکوٰۃ کسی کام کی تخصیص کے ساتھ بھی دیتی ہیں مثلاً جامعہ، مدرسہ وغیرہ کے لیے۔ ایسی صورت میں انہیں بتا دیا جائے کہ مدارس کے ہر کام میں ڈائریکٹ زکوٰۃ صرف نہیں کی جاسکتی کیونکہ اس میں فقیر کو مالک کرنے والی شرط نہیں پائی جاتی یہ ایک شرعی مسئلہ ہے لہٰذا آپ کی زکوٰۃ ڈائریکٹ مدرسہ پر خرچ نہیں ہوگی اس کے لیے پہلے زکوٰۃ "مستحقِ زکوٰۃ" کے سپُرد کی جائے گی پھر اس کی اجازت کے ساتھ اس کو خرچ کیا جائے گا پھر زکوٰۃ وصول کرنے والی, رسید اور ریکارڈ دونوں میں مَد اور مقصد درست اور واضح طور پر درج فرما کر رسید دیں

﴿2﴾ بیرونِ ملک میں جمع ہونے والے ڈونیشن کی رقم اگر اسی ملک کے دینی کاموں (مثلاً! "فیضانِ مدینہ" کی خریداری وغیرہ) میں صرف کرنے کے لیے اسی ملک میں ذمہ دار اسلامی بھائی کے ذریعے جمع کروائی جائے تو کارکردگی فارم میں یہ وضاحت تحریراً شامل کر دی جائے۔ البتہ یہ رقم سالانہ ڈونیشن میں شمار نہیں ہوگی۔

☆ اوورسیز اسلامی بہنیں پاکستان میں کسی شہر کی مسجد یا جامعۃ المدینہ کے لیے از خود ڈونیشن نہ بھیجیں، البتہ اوورسیز نگران یا فنانس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کہا جائے تو پاکستان میں دونیشن کی رقم بھیجی جاسکتی ہے۔ (جہاں رقم جمع کروائی جائے گی اسی ملک کی کارکردگی شمار ہوگی مثلا یوکے سے اسلامی بہن نے کراچی رقم بھیج دی تو اب کراچی کی کارکردگی شمار کی جائے گی۔)

☆ اوورسیز سے ذمہ دار / منسلک اسلامی بہنیں کسی وجہ سے پاکستان میں ہوں یا اوورسیز کی اسلامی بہنیں پاکستان میں موجود اپنی جائیداد وغیرہ سے ڈونیشن نکالیں یا اوورسیز میں کسی ایسے ملک جہاں ڈونیشن جمع ہونے کا کوئی ذریعہ (جیسے بینک اکاؤنٹ) نہ ہو اور اسلامی بہنیں پاکستان میں ڈونیشن ٹرانسفر کروائیں اس طرح کی صورتحال میں ڈونیشن کی رقم پاکستان میں اسلامی بہنوں کے شعبے کے تحت اس طرح جمع کروائی جائے کہ اولین کوشش ہو کہ پاکستان کی فنانس ذمہ دار ان کے ذریعے رقم ڈائریکٹ ہیڈ آفس کے اکاؤنٹ میں جمع کروائی جائے اس طرح ڈونیشن اوورسیز کے متعلقہ ملک کی کارکردگی میں شمار ہوں گے۔ لیکن اگر ڈائریکٹ ہیڈ آفس کے اکاؤنٹ میں جمع کروانا ممکن نہ ہو تو ڈونیشن جمع کروانے والی اپنے محرم یا پھر رہائشی فنانس ذمہ دار کے ذریعے ہیڈ آفس میں یہ تفصیل میل کروادیں کہ اوورسیز کے فُلاں ملک کی اسلامی بہن نے ڈونیشن پاکستان میں جمع کروائے ہیں، لیکن وہ اوورسیز کے متعلقہ ملک کے ہدف میں شمار کروانا چاہ رہی ہیں لہٰذا ہیڈ آفس سے رقم وصولی کا ذریعہ بتادیا جائے، اب ہیڈ آفس سے مجلس متعلقہ شہر کے اسلامی بھائی کا ریفرنس دے گی جہاں رقم جمع کرواکر وصولی کی تصدیق کی جاسکتی ہے۔ اس طرح ہیڈ آفس سے اوورسیز اسلامی بہن کی کارکردگی میں شامل کرکے سِلپ دے دی جائے گی (اس پروسز میں ڈونر کو بتانا ہوگا کہ رسید کچھ تاخیر سے ملے گی۔)

☆ البتہ اگر کوئی عذر نہ ہو تو اوورسیز والے متعلقہ ملک میں ہی ڈونیشن جمع کروائیں تو بہتر ہے۔

☆ روٹین وائز ماہانہ ڈونیشن و مخصوص مدات جو اس ٹیبل میں موجود ہے وہ ماہانہ ڈونیشن میں شمار ہوگا، رمضان ڈونیشن میں شمار نہیں کیا جائے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| عطیات بکس کی روٹین کی آمدن | مساجد کا چندہ | اشیائے خوردونوش | تعمیرات + میٹریل |
| گھریلو صدقہ بکس کی روٹین کی آمدن | مدنی چینل عطیات | مخصوص مدات | لنگرِ رضویہ |
| ڈونیشن کاؤنٹر کی روٹین کی آمدن | روٹین کی ماہانہ آمدن | روٹین کا عشر | |

☆ ماہانہ ڈونیشن مثلاً مدنی چینل، تعمیرات، لنگرِ رضویہ، عشر، مدّاتِ مخصوصہ میں جو رقم موصول ہوگی وہ ڈونیشن جمع کروانے کے طریقۂ کار کے مطابق ماہانہ ڈونیشن میں ہی جمع کروائی جائے۔

﴿3﴾ نابالغ کی ذاتی رقم ڈونیشن میں ہر گز جمع نہ کروائی جائے۔

## رمضان المبارک میں جن مدّات کے لیے ڈونیشن نہ لیے جائیں

﴿1﴾ رمضان ڈونیشن میں زکوٰۃ، فطرہ، نفلی صدقات و خیرات شامل ہوں گے اس کے علاوہ کسی بھی مد کو شامل نہیں کیا جائے گا۔

﴿2﴾ مدنی قافلہ کے لئے ڈونیشن وصول نہ کیا جائے اگر دینے والی اصرار کرے تو اس سے کہا جائے کہ محرم کے ذریعے قافلہ نگران تک پہنچادیں۔

☆ غیر مسلم یا "غیر" سے چندہ لینے کی ہر گز اجازت نہیں۔مزید تفصیل چندے کے بارے میں سوال جواب کے صفحہ 19 پر ملاحظہ فرمایئے۔(دارالافتاء اہلسنت)

☆ اگر کسی مسجد کے لیے کوئی "مخصوص" کرکے ڈونیشن دے تو پھر اس سلسلے میں ان سے ڈونیشن لینے کے بجائے انہیں خود ہی براہِ راست متعلقہ مسجد کی کمیٹی سے رابطے کا ذہن دیا جائے۔

☆ اگر کسی نے ان دنوں پلاٹ یا گھر دعوتِ اسلامی کو دیا تو اگر زکوٰۃ یا نافلہ میں دیا اور دعوتِ اسلامی ٹرسٹ کے اختیارات کے ساتھ دیا تو پھر وہ سالانہ ڈونیشن میں شامل ہو گا۔جب کہ مسجد، مدرسے کے لیے وقف شدہ پلاٹ طریقۂ کار کے مطابق دعوتِ اسلامی کے لیے لیا جائے گا لیکن سالانہ ڈونیشن میں شامل نہ ہو گا۔

☆ اشیاء خورد و نوش(کپڑے، راشن وغیرہ)سالانہ ڈونیشن میں شمار نہیں ہوں گے۔

☆ اگر کوئی اہلِ ثروت اس بات پر اصرار کرے کہ راشن ہی دینا ہے تو ایسی صورت میں ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ)/ڈویژن (اوورسیز میں زون) نگران اسلامی بہن کی رہنمائی سے وصول کرکے مستحق ذمہ دار کو دیئے جاسکتے ہیں۔البتہ فنانس ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ)/ ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) اسلامی بہن کو اس سے Update کر دیا جائے کہ کس سے ملا اور کس کس مستحق ذمہ دار کو تقسیم کیا گیا۔

☆ حج یا عمرے کے دَم کی رقم ڈونیشن میں ہر گز وصول نہ کی جائے کہ حج یا عمرے کا دم حدودِ حرم شریف میں ہی دینا ضروری ہوتا ہے۔

☆ ذمہ داران کو نماز و روزے کے فدیہ کا شرعی حیلہ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔البتہ فدیہ دینے والی کو کہہ دیا جائے کہ "فی الحال لوٹ پھیر کرنے کی سہولت میسّر نہیں، لہٰذا آپ خود ہی لوٹ پھیر کرکے دے دیجئے، ہم آپ کی رقم لوٹ پھیر کیے بغیر شرعی فقیر کو ادا کر دیں گے۔"لوٹ پھیر کرنے کا طریقہ رسالہ "قضا نمازوں کا طریقہ صفحہ نمبر 17 تا 19 تک سے پڑھ لیں۔

فدیہ روزوں کا ہو اور فدیوں کی رقم مکمل ہو (یعنی لوٹ پھیر نہ کرنا پڑے) تو فدیہ لے لیا جائے اور لوٹ پھیر ہو جانے والے عطیات کو اب صدقۂ نافلہ میں شمار کیا جائے اور رسید کاٹ کر تفصیل لکھ کر دے دی جائے اور یہ ماہانہ ڈونیشن میں شمار ہو گا۔اگر فدیے کی رقم کم ہو تو اب دارالافتاء اہلسنّت میں جاکر رہنمائی لی جائے۔(اگر رقم لوٹ پھیر کرکے دی جاتی ہے تو ایسی صورت میں رمضان عطیات میں شامل کی جائے گی)

☆ پالیسی کے مطابق فدیوں کی لوٹ پھیر کروانے کیلئے رقم وصول کرنے کی اجازت نہیں ہے۔لیکن اگر ڈونر نمازوں، روزوں کا فدیہ خود ہی لوٹ پھیر کرواکر دے تو ڈونر جس مد و مقصد میں رقم دے وصول کرکے رسید بنا کر دے سکتے ہیں اور یہ رقم جس سیزن میں وصول ہو، اسی میں اسے شمار کیا جائے گا۔

## متفرق

﴿1﴾ ڈونیشن واجبہ یا نافلہ میں سونا یا چاندی وغیرہ موصول ہوں تو تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اس کی Standard value "Donation cell" کے اسلامی بھائی سے محرم کے ذریعے معلوم کرواکر اپنی کارکردگی میں رقم کی صورت میں شامل کریں۔اس سونے کی چیز کی تصویر لے کر رسید سے متصل کرکے فنانس ڈیپارٹمنٹ کو جمع کروائیں از خود سونے کی چیز کو فروخت کرنے یا از خود بدل لینے کی اجازت نہیں۔

﴿2﴾ اگر کوئی ڈونیشن پرائز بونڈ کی شکل میں دے تو لے سکتے ہیں یاد رہے کہ انعامی بانڈز کا حکم بھی کیش کی طرح کا ہے یعنی جس طرح کیش کی حفاظت کا انتظام کیا جانا چاہیئے بالکل اسی طرح ان کی بھی حفاظت کا انتظام کیا جائے اور رسید پر اندراج کرتے وقت رقم کے ساتھ بونڈ لکھ دیں تفصیلات میں تعداد ضرور تحریر فرمائیں اور ذمہ دار بانڈز ہی جمع کروائیں، اس کو از خود ہر گز کیش نہ فرمائیں۔اور نہ ہی اپنے بانڈز کو ان سے تبدیل کریں۔البتہ 7500 /25000/ 15000 /40،000 والے بانڈز وصول نہ کیے جائیں کیونکہ یہ اب ختم ہو گئے ہیں۔

☆ اسی طرح پاکستانی کرنسی کے علاوہ کرنسی کو بھی خود رکھ لینے یا خود تبدیل کروانے کی اجازت نہیں۔

☆ البتہ پیسے بہت کھلے (Change)ہوں تو ضرورتاً نوٹ سے تبدیل کر سکتے ہیں۔(مدنی مذاکرہ180)

﴿3﴾ ڈونیشن خواہ واجبہ (زکوٰۃ، فطرہ وغیرہ) ہوں یا نافلہ کے لیے چیک (Cheque) بھی وصول کئے جاسکتے ہیں لیکن اس صورت میں کہ اس چیک دعوتِ اسلامی کے نام پر بنوایا جائے اور چیک ہی ذمہ دار کو جمع کروائیں۔البتہ اس بات پر توجہ رہے کہ یہ فوری جمع کروایا جائے تاکہ مقررہ تاریخ تک Cash ہو جائے۔

☆ واجبہ کی مد میں جس سے بھی چیک وصول فرمائیں ان کو اس بات سے ضرور آگاہ فرمائیں کہ اگر بینک معمول کے مطابق کھلے رہے تو آپ کے واجبہ دعوتِ اسلامی کے بینک اکاؤنٹ میں کلیئر ہو جانے کی صورت میں تقریباً 15 سے 20 دن کے اندر اندر ادا کئے جاسکیں گے۔اِنْ شَاءَ اللہ الْکَرِیْم

☆ ڈونیشن کیش کی صورت میں موصول ہوں یا چیک کی، دونوں صورتوں میں ڈونیشن اپنے یا کسی اور کے ذاتی اکاؤنٹ میں ہرگز ہرگز نہ ڈالیں کہ اس کی تنظیمی و شرعی طور پر اجازت نہیں۔

﴿4﴾ کوئی اسلامی بہن کہیں کہ "اکاؤنٹ کی تفصیلات دے دیں" تو ضرور بالضرور واجبہ اور نافلہ اکاؤنٹ کی الگ الگ تفصیل اور وضاحت کے ساتھ دیں۔

اور ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ذہن دے دیجئے کہ آپ جیسے ہی کوئی ڈونیشن متعلقہ اکاؤنٹ بالخصوص واجبہ والے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر / آن لائن / ڈپوزٹ فرمائیں تو donations@dawateislami.net پر ای میل پر ضرور مطلع فرمائیں کہ آپ نے کس اکاؤنٹ میں؟ کس تاریخ؟ کتنی رقم؟ اور کس مد کی جمع کروائی ہے؟ تاکہ آپ کی زکوٰۃ و دیگر واجبات بروقت ادا کئے جاسکیں آپ کی طرف سے اطلاع ملنے میں تاخیر ہوئی تو ممکن ہے آپ کی زکوٰۃ تاخیر سے ادا ہو اور زکوٰۃ کی ادائیگی میں تاخیر کرنا گُناہ ہے۔یاد رہے! اگر بینک معمول کے مطابق کھلے رہے تو آپ کے واجبہ دعوتِ اسلامی کے بینک اکاؤنٹ میں کلیئر ہو جانے کی صورت میں تقریباً 15 سے 20 دن کے اندر اندر ادا کئے جاسکیں گے۔اِنْ شَاءَ اللہ الْکَرِیْم

﴿5﴾ دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ کے ذریعے بھی ڈونیشن جمع کروائے جاسکتے ہیں۔Home page پر Donation کو کلک کریں۔ آپ کے سامنے ایک فارم کھل جائے گا جس میں پوچھی گئی تفصیلات کو فل کر کے Proceed کا بٹن دبایئے۔ رقم، مدات (جیسے زکوٰۃ، صدقہ واجبہ، نافلہ وغیرہ) لکھ کر (Proceed) جمع کرتے رہیں، آخر میں جمع ہونے کی کنفرمیشن آجائے گی۔

☆ ملک و بیرون ملک ڈونیشن جمع کروانے کی کنفرمیشن و معلومات کیلئے ہیلپ ڈیسک بذریعہ میل آئی ڈی قائم کیا گیا ہے۔ای میل آئی ڈی ذمہ داران ملک بیرون ملک کے لئے:overmm.donations@gmail.com

☆ دیگر کے لیے:donations@dawateislami.net فوری رابطوں کے لئے روزانہ پاکستان وقت (علاوہ اتوار) صبح 9:00 تا شام 5:00 محرم کے ذریعے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

﴿6﴾ ڈونیشن جمع کروانے میں تاخیر نہ کی جائے، رقم جیسے ہی آئے فوری طور پر فنانس ڈیپارٹمنٹ میں جمع کروائی جائے۔ بالفرض کسی ایمرجنسی کی وجہ سے رقم گھر میں رکھنی بھی پڑی تو واضح پرچی پر "دعوت اسلامی کی رقم اور رقم کی مدات وائز تفصیل لکھ کر" کسی کو گواہ بنا کر رکھی جائے۔جان بوجھ کر سستی آپ کے لیے آزمائش کا سبب بن سکتی ہے نیز نقصان کی صورت میں تاوان کی صورت بھی بن سکتی ہے۔"محتاط آدمی سدا سکھی رہتا ہے۔"

☆ نگران و فنانس ذمہ داران ڈونیشن کی رقم بروقت جمع کروائیں اور فوراً ہی فنانس کی اسلامی بہن / فنانس اسلامی بھائیوں سے acknowledge / DM سلپ حاصل کر لی جائے تاکہ رقم Un deposited باقی نہ رہے۔

☆ فنانس ذمہ داران (ملک و سٹی سطح) Un deposited رقم کی لسٹ ہر 3 دن میں سٹی نگران کے ذریعے ڈسٹرکٹ نگران (اوورسیز میں کابینہ نگران) تک میل کریں تاکہ کوئی Un deposited amount باقی نہ رہے۔

﴿7﴾ جو ذمہ دار دعوت اسلامی کے لئے ڈونیشن جمع کرتی ہیں وہ ان ڈونیشن سے کسی کو قرض نہیں دے سکتیں۔اس کو اپنے کام میں لیا یا قرض دیا تو یہ اللہ کے عذاب کو دعوت دینے والا کام ہے۔

﴿8﴾ کسی نے مسئلہ معلوم نہ ہونے پر ڈونیشن کو غیر مد میں خرچ کر دیا تو دارالافتاء اہلسنّت سے رہنمائی لی جائے۔

## رسیدوں سے متعلق

﴿1﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! دعوتِ اسلامی نے دورِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق ہر شعبے میں اسلامی اصولوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے جدّت لانے کی کوشش کی ہے paper less نظام بنانے اور ڈونیشن کو مزید احسن انداز میں جمع کرنے کے لیے ایک نئی Mobile app بنام "ای رسید" متعارف کروائی ہے۔ای رسید سے متعلق دعائے عطار دامت برکاتھم العالیہ: یارَبِّ پاک! جو میری مدنی بیٹی ای رسید ایپلیکیشن انسٹال کرے اور ہر ماہ اپنی طرف سے انفرادی کوشش کر کے کم از کم 2500 یا اس سے زائد ڈونیشن جمع کرے اور اس کی ای رسید بنائے اس کی بے حساب مغفرت فرمائے، ایمان کی سلامتی اس کا مقدر کرے، برے خاتمے سے بچائے، حج نصیب کرے، بار بار مدینے کی حاضری سے مشرف فرما، اے اللہ پاک!

اسے بار بار خواب میں بی بی فاطمۃ الزہرا رَضِیَ اللہُ عَنْہَا خاتونِ جنّت، کائناتِ مصطفٰی جانِ رحمت صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی لاڈلی شہزادی کا دیدار نصیب فرما۔ اٰمین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

﴿2﴾ ہر ایک کے ذہن میں یہ راسخ کر دیں کے دعوتِ اسلامی والے بغیر رسید کے ڈونیشن کی رقم نہیں لیتے بغیر رسید دیئے کوئی بھی ڈونیشن نہ لیا جائے۔ نیز اس بات پر بھی توجہ دی جائے کہ ڈونیشن ای رسید کے ذریعے جمع ہوں لیکن اگر کہیں ای رسید کا نظام نہ بن پا رہا ہو تو ہی مینول رسید پر کام ہو۔ ای رسید، مینول رسید ڈونر کے نام کی بنائی جائے گی۔

☆ وصول شُدہ ڈونیشن کی رسید ضرور دی جائے اگر کوئی کہے کہ مجھے رسید کی حاجت نہیں ہے، مجھے دعوتِ اسلامی پر بھروسہ ہے پھر بھی ذہن بنا کر رسید پیش کرنے کی کوشش کی جائے کہ اس طرح آپ کا پیغام بذریعہ رسید گھر کے کئی افراد تک پہنچ سکتا ہے۔ ممکنہ صورت میں مکتبۃ المدینہ کا رسالہ بھی پیش کیجئے

**ای رسید کا استعمال:**

﴿3﴾ Android موبائل پر ای رسید اکاؤنٹ بنے ہونے کی صورت میں آپ ڈونز کی رسید اسی app کے ذریعے بنا سکتے ہیں

☆ اس پر خاص توجہ رہے کہ ای رسید اصل ڈونر جس نے رقم دی اسی کے نام کی بنائی جائے۔

☆ اس میں ڈونر کی مکمل معلومات درج کرنے کے بعد ڈونر کو دعوت اسلامی کی جانب سے ایک thankful msg جائے گا اس طرح ڈونیشن دینے والی ڈونرز کے اعتماد میں بھی اضافہ ہو گا یاد رہے! کہ ای رسید اکاونٹ بنانے کے لیے android موبائل ہونا ضروری ہے E. rassed اس لنک https:///maliyat.dibaadm.com/ سے download کرنی ہو گی ۔

☆ ذیلی حلقوں تک ای رسید یا ای رسید نہ ہونے کی صورت میں مینول رسید کی مدد سے doner اسلامی بہنوں کی لسٹ بنائی جائے یہ اہم کام ہے۔

☆ ای رسید میں نافلہ رمضان اور واجبہ رمضان select جائے نیز مجلس اسلامی بہنیں کو ضرور بالضرور سلیکٹ کیا جائے۔ اور all purpose سلیکٹ کیا جائے۔

☆ جن ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) میں ای رسید سے ڈونیشن وصول کرنے میں آزمائش ہے ان ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) اور یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی) کے اعتبار سے رسیدوں کی ڈیمانڈ لی جائے دیگر جگہوں پر 100 فیصد ای رسید پر کام کا ہی ذہن دیا جائے۔

☆ فنانس ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار اس متعلق بھرپور کوشش کریں کہ جہاں مینول رسیدیں دی جاتی ہیں وہاں یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی) یا تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) کی مدد سے تمام ڈونیشن ای رسید پر لائے جائیں تا کہ تمام ڈونیشن سیکیور کرنے میں کامیاب ہو سکیں۔

☆ ڈونیشن سیل پر رقم جمع کروانے والی اسلامی بہن آئی ڈی نمبر دیں (جس موبائل نمبر پر اس کا ای رسید اکاونٹ بنا ہوا ہے) تا کہ ویریفیکیشن ہو سکے،

﴿4﴾ رجب، شعبان میں ملنے والی رسیدیں سالانہ ریکارڈ کی ہوتی ہیں لہٰذا ان تین ماہ میں ہی فنانس ڈیپارٹمنٹ کو جمع کروانا ضروری ہوتا ہے اگرچہ رسید بک میں صفحات باقی ہوں۔ (کیونکہ مالیات رسید کا سالانہ سے ریکارڈ ختم کر کے ماہانہ میں شامل کرتے ہیں) جب کہ ماہانہ ڈونیشن کی رسیدیں اگلے ماہ بھی چلائی جاسکتی ہے۔

﴿5﴾ تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) اور ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اس بات کی تسلی کر لیں کہ جو ڈونیشن فنانس ڈیپارٹمنٹ میں جمع ہوا اُس کی تمام رسیدیں مل گئیں اور ان رسید بکس کی کارکردگی اور ہماری کارکردگی میں کوئی فرق تو نہیں؟

☆ ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ)، ڈویژن (اوورسیز میں زون) اور صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) نگران اس بات کا بھی مضبوط فولو اپ کریں کہ تمام رسید بکس فنانس ڈیپارٹمنٹ کو واپس جمع کروادی گئیں؟

☆ اپنی ماتحت ذمہ داران کو ڈونیشن کی وصولی کے لیے جتنی رسیدیں دی جائیں تو وصول کرتے وقت یہ بھی غور کر لیا جائے کہ یہ رسیدیں مکمل ہیں یا نہیں؟ بصورت دیگر توجّہ دلا کر مکمل کر لی جائیں اس پر **بآسانی عمل در آمد کے لیے یہ ضروری ہے کہ رسید بکس ریکارڈ بنا کر، سیریل وائز ذمہ داران کو دی جائیں۔ رسید بک لنگر کی طرح تقسیم نہ کریں۔**

☆ اُنہیں بتایا جائے کہ رسید بُک کا محتاط استعمال نہ کرنے اور بر وقت واپس جمع نہ کروانے کی صورت میں غلط استعمال بھی ہو سکتا ہے۔ جو لوگ رسیدیں وصول کرتے ہیں یہ اُن کے پاس اَمانت ہے ۔ رسیدیں بالکل بھی واپس نہ کرنے یا اپنی کوتاہی سے انہیں گم کر دینے والے کا مسئلہ افتاءمکتب میں جائے گا، اس لیے اس معاملے میں ہر گز کوتاہی نہ کی جائے۔ جو رسیدیں موجود ہیں اُن کو واپس کرنا اور جو گم ہوئی اُن کا تاوان ادا کرنا اُن کے ذِمّے لازم ہے۔ کیونکہ رسید بُک بھی دعوتِ اسلامی کا "اثاثہ جات" ہے اگرچہ مالی اعتبار سے کم قیمت ہو گی لیکن ناراضیٔ ربّ کا سبب ہو سکتی ہے۔ اگر کسی اسلامی بہن سے خدانخواستہ رسید بُک گُم ہو جائے تو" **رسید بکس گم یا چوری ہو جانے سے متعلق فارم** (شعبہ شرعی و تنظیمی رہنمائی) "پُر فرما کر تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار کو جمع کروائیں تا کہ وہ تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق فنانس ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار اسلامی بہن (ڈسٹرکٹ اوورسیز میں کابینہ سطح) یا شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (ڈسٹرکٹ اوورسیز میں کابینہ سطح) کے ذریعے دار الافتاء سے شرعی رہنمائی حاصل کر کے حل بتا سکیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ اگر ایک ہی ڈونر سالانہ وماہانہ دونوں قِسم کے ڈونیشن دیں تو ایک ہی رسید میں مدّات واضح کرکے رسید کاٹ سکتے ہیں، البتہ آخر میں سالانہ وماہانہ کالمز الگ الگ لکھ دیں۔

☆ کسی نے کہا میں اتنا اتنا ڈونیشن دوں گی تو جب تک رقم نہ دے دیں اس وقت تک صرف نیت پر رسید نہ کاٹی جائے۔

﴿6﴾ دعوتِ اسلامی کے لیے ڈونیشن کی وصولی کرتے وقت رسید میں موجود تمام تفصیلات (نام، فون نمبر، ایڈریس، ای میل ایڈریس) جو ممکن ہو ضرور حاصل فرمائیں، اور مدات (زکوٰۃ، فطرہ، عشر وغیرہ) کو دائرہ یعنی سَرکل (circle) کی صورت میں لازمی لازمی واضح فرمائیں۔ یاد رہے! آپ کی ذراسی غفلت یا جلد بازی میں مدات کو واضح نہ کرنا کسی کی زکوٰۃ یا فطرہ کو ہلاک کرنے کا سبب بن سکتا ہے۔ اس لیے ڈونیشن وصول فرماتے وقت ڈونیشن کی مدات کا مکمل اندراج رسید پر کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے پاس رجسٹر یا کاپی وغیرہ میں بھی ضرور فرمائیں تاکہ کسی بھی صورت میں مدات کی تفصیلات ضائع ہونے کا اندیشہ ہی نہ رہے۔ اور ڈونیشن دینے والے کا فون نمبر رسید پر دستخط کے ساتھ ضرور اندراج فرمائیں تاکہ ڈونیشن سے متعلق کسی قسم کی تفصیلات معلوم کرنی ہوں تو رابطہ کیا جاسکے، اسی طرح اگر کوئی اسلامی بہن کسی اور کے ڈونیشن جمع کروائیں تو دونوں کی تفصیلات لی جائیں۔

☆ رسید پُر کرنے میں سِلپ میں چیک چاک (Over writing) نہ کی جائے۔

☆ اگر کوئی اسلامی بہن 26،000 روپے لائی اور اس نے کہا 12،000 زکوٰۃ۔ تو رسید پر بنے ٹیبل میں زکوٰۃ میں 12،000 درج کریں گے، اُس نے کہا 9،000 فطرہ کے، تو 9،000 فطرہ میں لکھیں گے، 3،000 عشر کے، تو 3،000 عشر میں لکھیں گے، 1000 لنگر رضویہ کے، تو مد میں صدقات نافلہ اور مقصد میں لنگر رضویہ لکھ کر 1000 لکھیں گے صدقاتِ نافلہ میں لکھیں گے، 1000 مدنی چینل کے، تو مد میں صدقاتِ نافلہ اور مقصد میں مدنی چینل لکھ کر 1000 لکھیں گے ۔(رسید پُر کرنے کا طریقہ ممکنہ صورت میں بذریعہ پروجیکٹر طے شدہ ویڈیو کے ذریعے سکھایا جائے۔)

## (ڈونیشن کی پُر Fill کی ہوئی رسید کانمونہ)



دعوتِ اسلامی

تاریخ عیسوی: 26-08-2015 — رسید نمبر: 398

عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ پرانی سبزی منڈی محلہ سوداگران باب المدینہ کراچی

Tel: 021-34921389-93 UAN: 111-252-692

نام مع ولدیت: عبد الکلیم عطاری — فون نمبر: 0332-1234567

پتا: مکان نمبر 1308 سیکٹر B/15 صدر کراچی، پاکستان (علاقہ: فیضان بغداد، ڈویژن غم مرشد، کابینہ جیلانی)

رقم ہندسوں میں: 26,000 — رقم لفظوں میں: صرف چھبیس ہزار روپے

چیک نمبر: 4044076 — بینک: یو-بی-ایل — برانچ: ایم-اے-جناح روڈ کراچی — تاریخ: 30 اگست 2015

نام وصول کنندہ: کامران عطاری — ذمہ داری / مجلس: حلقہ نگران

دستخط وصول کنندہ: Kamran Attari — چندہ دینے والے کے دستخط: Abdul Kaleem Attari

| مد | مقصد | رقم |
|---|---|---|
| (صدقاتِ واجبہ کی مختلف صورتیں مثلاً نذر، قسم کا کفارہ، فدیہ وغیرہ کی مکمل تفصیل تحریر کر کے رقم جمع کروائیں) | | |
| زکوٰۃ | زکوٰۃ | 12,000 |
| فطرہ | فطرہ | 9,000 |
| عشر | عشر | 3,000 |
| صدقاتِ نافلہ | لنگر رضویہ | 1,000 |
| // // // | مدنی چینل | 1,000 |
| | | |
| میزان | | 26,000 |

http://www.dawateislami.net/donation/donate.do E-Mail: donations@dawateislami.net

Donations made to Dawat-e-Islami is entitled to the tax credit U/S 61 of the Income Tax Ordinance 2001

آپ کا چندہ (تمام نفلی صدقات) دعوتِ اسلامی جہاں مناسب سمجھے گی وہاں ہر نیک و جائز کام میں خرچ کرے گی۔

☆ آن لائن رقم جمع کروانے والی کی سِلپ نارمل رسید بُک پر نہ کاٹی جائے بلکہ ان کی transaction کا screen short لے کر فنانس ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار (صوبہ سٹی (اوورسیز میں ریجن سطح) کو بھیج دیا جائے پھر وہ اس کی Slip DM دلوائیں گی۔

﴿7﴾ دعوتِ اسلامی کے لیے وصول کئے گئے ڈونیشن اپنے یعنی یہ سوچ کر کہ "میں تو خود زکوٰۃ کی مستحق ہوں میں زکوٰۃ رکھ لوں یا کسی اور کے ذاتی معاملات پر از خود خرچ کر لینے کی تنظیمی و شرعی طور پر ہرگز ہرگز اجازت نہیں ہے۔ ایسا کرنے پر بعض صورتوں میں توبہ بھی لازم آئے گی اور تاوان الگ۔ فنانس ڈیپارٹمنٹ کی پالیسی یہ ہے کہ تمام جمع شدہ ڈونیشن پہلے مدّات کی وضاحت کے ساتھ فنانس ڈیپارٹمنٹ کو جمع کرواکر رسید برائے دفتر / ڈی ایم سلپ حاصل کی جائے پھر اپنے اخراجات کے لیے رقم طلب کی جائے یا پیشگی رقم جاری کروائی جائے۔ دعوت اسلامی کے لیے ڈونیشن خواہ کسی بھی مد یا کسی بھی شعبے کے لیے وصول کئے گئے ہوں، تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق فنانس ڈیپارٹمنٹ دفتر میں جمع کروائیں اور طے شدہ مدّات میں مقرر کردہ لمٹ (limit) کے مطابق اخراجات فرمائیں۔

اَللّٰہ پاک ہمیں امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی غلامی اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول پر اِستقامت کے ساتھ ہر دینی کام کے لیے ہر وقت تیار رہنے کی توفیقِ سعید عطا فرمائے۔ اٰمین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وسلَّم